www.dailypakistanbulletin.pk

کراچی اور تھٹھہ سے شائع ہونے والا مقبول اخبار

Daily Pakistan Bulletin Karachi

روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی

ABC Certified

چیف ایڈیٹر: سراج احمد

جلد نمبر 11 | بدھ، یکم اپریل 2026ء بمطابق 12 شوال 1447ھ | شمارہ 246 | قیمت 10 روپے

وزیر اعظم

کم آمدنی والے طبقے کو ریلیف کا سلسلہ جاری رہے گا

وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت خطے کی صورتحال پر پیٹرولیم مصنوعات کی سپلائی، کفایت شعاری اقدامات کے نفاذ سے متعلق اہم اجلاس

تین ہفتوں کے دوران وفاقی حکومت نے کم آمدنی والے طبقے کو ریلیف دینے کے لیے اہم اقدامات کیے ہیں اور یہ سلسلہ آئندہ بھی جاری رہے گا

ایسے عناصر کیخلاف بلاامتیاز ایکشن لیا جائے، وزیراعظم کی پیٹرولیم مصنوعات کی اسمگلنگ اور غیر قانونی ذخیرہ اندوزی کیخلاف سخت کارروائی کی ہدایت

اسلام آباد(ویب ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے پیٹرولیم سپلائی اور عوامی ریلیف پر بحال رکھنے اور اسمگلنگ کے خلاف سخت اقدامات کرنے کی ہدایت کردی۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت خطے کی موجودہ صورتحال کے پیش نظر پیٹرولیم مصنوعات کی سپلائی چین، پیٹ اور کفایت شعاری اقدامات کے نفاذ سے متعلق اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں کم آمدنی والے طبقات کو ریلیف فراہم کرنے کے اقدامات کا تفصیل جائزہ لیا گیا۔ وزیراعظم نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ وہ سہولیں سے مشاورت کے بعد حتمی تجاویز جلد پیش کریں۔ وزیراعظم نے پیٹرولیم مصنوعات کی اسمگلنگ اور غیر قانونی ذخیرہ اندوزی کیخلاف سخت کارروائی کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ ایسے عناصر کے خلاف بلاامتیاز ایکشن لیا جائے۔ اجلاس سے خطاب ..... بقیہ صفحہ 3 کالم نمبر 30

طاقت کے استعمال اور دھمکی سے گریز

مشرق وسطیٰ میں امن کیلئے پاکستان اور چین نے 5 نکاتی تجویز منصوبہ پیش کر دیا

ایران اور خلیجی ریاستوں کی خودمختاری، علاقائی سلامتی اور سلامتی کا تحفظ کیا جائے، مسائل کے حل کے لیے سفارتکاری اور مذاکرات واحد مؤثر راستہ، تمام فریقین پر تنازع کے پرامن حل کے لیے مذاکرات شروع کرنے کی تجویز

پاکستان اور چین نے مشرق وسطیٰ و خلیج میں تنازع کو مزید پھیلنے سے روکنے کے لیے ہر ممکن کوشش کرنے، جنگ سے متاثرہ علاقوں میں انسانی امداد کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنانے کا مشترکہ منصوبہ پیش کیا، جاری علامیہ

بیجنگ (ویب ڈیسک) پاکستان اور چین نے مشرق وسطیٰ میں جاری بحران کے فوری حل کے لیے 5 نکاتی تجویز پیش کی ہے۔ دونوں ممالک نے مشترکہ منصوبہ پیش کیا۔ دونوں رہنماں نے ملاقات میں خطے کی تازہ صورتحال کا جائزہ لیا جبکہ پانچ نکات پر مشتمل مشترکہ منصوبہ پیش کیا۔ اعلامیہ کے مطابق پاکستان اور چین نے مشرق وسطیٰ و خلیج میں تنازع کو مزید پھیلنے سے روکنے کے لیے ہر ممکن کوشش کرنے، جنگ سے متاثرہ علاقوں میں انسانی امداد کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنانے کا منصوبہ پیش کیا۔ دونوں ممالک نے زور دیا کہ ایران اور خلیجی ریاستوں کی خودمختاری، علاقائی سلامتی اور سلامتی کا تحفظ کیا جائے جبکہ پاکستان اور چین نے مسائل کے حل کے لیے سفارتکاری اور مذاکرات کو واحد مؤثر راستہ قرار دیتے ہوئے تمام فریقین پر تنازع کے پرامن حل کے لیے مذاکرات شروع کرنے کی تجویز دی۔ دونوں ممالک نے زور دیا کہ کوئی بھی ملک خلاف کا استعمال یا دھمکی سے گریز کرے۔ بقیہ صفحہ 3 کالم نمبر 37

وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی بیجنگ میں چینی ہم منصب وانگ یی سے ملاقات میں دونوں ممالک نے خلیج، مشرق وسطیٰ میں امن کے لیے پانچ نکاتی مشترکہ ایجنڈا پیش کر دیا، تعلیمات کے مطابق نائب

آئندہ 2 دن ایران کیلئے فیصلہ کن ثابت ہونگے، امریکی وزیر جنگ

بھرپور طاقت سے ایران کے اندر حملے کر رہے ہیں، ایران کی فضائی حدود میں کارروائیاں کر رہے ہیں

امریکا کے پاس آپشن بہت زیادہ اور ایران کے پاس آپشن محدود ہیں، واشنگٹن میں پریس کانفرنس

واشنگٹن (ویب ڈیسک) امریکا کے وزیر جنگ پیٹ ہیگسیتھ نے کہا ہے کہ آنے والے دو دن ایران جنگ کیلئے فیصلہ کن ہوں گے اور ایران کچھ نہیں کر سکے گا۔ واشنگٹن میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے پیٹ ہیگسیتھ نے کہا کہ ہم فضائیہ کو کہتا تھا کہ ہر طاقت سے ایران کو اندر سے مارے۔ ہم ایسا کر رہے ہیں'' ..... بقیہ صفحہ 3 کالم نمبر 39

نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار چینی ہم منصب سے مصافحہ کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ سندھ کابینہ اجلاس متعدد ترقیاتی منصوبوں کی منظوری

ربیع کے سیزن کے لیے گندم خریداری کی پالیسی کی منظوری دی، کابینہ نے گندم کی اشارتی قیمت 3,500 روپے فی 40 کلوگرام مقرر کی

سیاحت کے بنیادی انفراسٹرکچر کو جدید بنانے اور سندھ کے ثقافتی ورثے کے تحفظ کے اقدام کے سلسلے میں سندھ کابینہ نے کئی اہم اقدامات کی منظوری دی

طلبا کی فیسوں کی واپسی کی مد میں 3.4 بلین روپے اور ایس ڈی جی سے متعلق 98 ترقیاتی اسکیموں کے لیے 4.33 بلین روپے منظور کیے گئے

سندھ کابینہ کے اصولی طور پر بچا کے علاقوں یعنی دریائی علاقوں کا جامع سروے کرنے کی منظوری، تاکہ امن امان کی صورتحال کو بہتر بنایا جا سکے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کے اجلاس میں متعدد اہم پالیسی فیصلوں اور ترقیاتی اقدامات کی منظوری دی گئی، جن کا مقصد معاشی بحران، بنیادی انفراسٹرکچر کو بہتر کرنا، ثقافتی تحفظ یقینی بنانا اور سماجی و اقتصادی ترقی کو تیز کرنا ہے۔ وزیر اعلیٰ ہاؤس میں منعقدہ اجلاس میں صوبائی وزراء، مشیران، خصوصی معاونین اور اعلیٰ افسران (شرکاء اجلاس میں چیف سیکرٹری آصف حیدر شاہ اور پرنسپل سیکریٹری نوید اکرم چنا نے شرکت کی۔ سندھ کابینہ نے اصولی طور پر کچا کے علاقوں یعنی دریائی علاقوں کا جامع سروے کرنے کی منظوری دی تاکہ امن امان کی صورتحال کو بہتر بنایا جا سکے، اراضی کی حتمی نشاندہی کی جا سکے۔ وزیر اعلیٰ سندھ نے کہا کہ کچے کے علاقوں کا سروے زمین کے ریکارڈ ..... بقیہ صفحہ 3 کالم نمبر 26

سندھ کے وزیراعلیٰ سید مراد علی شاہ کابینہ اجلاس صدارت کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ سندھ سے بلاول بھٹو کی ملاقات، معاشی اور سکیورٹی صورتحال پر تبادلہ خیال

چیئرمین پیپلز پارٹی نے وزیراعلیٰ سندھ کو کفایت شعاری پالیسی سے متعلق اپنی معاونت کی تجاویز دیں

بلاول بھٹو زرداری نے مشکل حالات میں وزیراعلیٰ سندھ کی قیادت اور حکومتی پالیسیوں کی تعریف کی

اسلام آباد(ویب ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف سے چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے وفد کے ہمراہ ملاقات کی۔ حکومتی ذرائع کے مطابق ملاقات میں ملک کی مجموعی معاشی اور سکیورٹی صورتحال پر تبادلہ خیال ہوا، بلاول بھٹو زرداری نے وزیراعظم کو ..... بقیہ صفحہ 3 کالم نمبر 32

ہم نہیں چاہتے ملک میں تناؤ اور انارکی ہو، بیرسٹر گوہر

راولپنڈی (ویب ڈیسک) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر کا کہنا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف کا واضح مؤقف ہے سب سے پہلے پاکستان ہے، پی ٹی آئی کے بچوں نے ..... بقیہ صفحہ 46

چیف جسٹس نے پریم کورٹ آف پاکستان میں صدارتی اختیارات پر دو سویں انٹرایکٹیو سیشن کی صدارت کی

بانی پی ٹی آئی کی صحت سے متعلق جھوٹ بولا جا رہا ہے، علیمہ خان

راولپنڈی (ویب ڈیسک) پی ٹی آئی کی چیئرمین علیمہ خان کا کہنا ہے کہ بانی پاکستان تحریک انصاف کی آنکھ میں مسئلہ ہے۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا ..... بقیہ صفحہ 3 کالم نمبر 45

ملک میں پٹرول کی کوئی قلت نہیں

عطا تارڑ

وفاقی حکومت تین ہفتوں میں اب تک پیٹ اور پی ایس ڈی سے 129 ارب روپے کی پٹرول پر سبسڈی دے چکی ہے

ایک دن کی چھٹی بڑھانے یا اسکول بند کرنیکا کوئی فائدہ نہیں ہوا، لوگ گھر بیٹھنے کی بجائے اور زیادہ باہر جانا شروع ہو گئے ہیں

صدر مملکت کی زیر صدارت اجلاس اس پر تھا کہ پٹرول کے ذخائر کتنے ہیں، کتنے وقت تک قیمتوں میں اضافہ روکا جا سکتا ہے

اسلام آباد(ویب ڈیسک) وفاقی وزیر اطلاعات عطاء تارڑ نے کہا ہے ملک میں پٹرول کی کوئی قلت نہیں ہگر وفاقی حکومت تین ہفتوں میں اب تک پیٹ اور پی ایس ڈی سے 129 ارب روپے کی پٹرول پر سبسڈی دے چکی ہے، گیزوں کو مزید رکاوٹ اشکال ہوگا، آئندہ ایک دو روز میں آئندہ کا لائحہ عمل سامنے آ جائے گا۔ فی ڈی سے گفتگو میں وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ ایک ..... بقیہ صفحہ 3 کالم نمبر 35

اسحاق ڈار کا دورہ اہم، علاقائی امور پر یکساں مؤقف رکھتے ہیں، بیجنگ

امریکا اور اسرائیل فوجی کارروائیاں روکیں اور فوری جنگ بندی کریں، چینی وزارت خارجہ

بیجنگ (ویب ڈیسک) چینی وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ پاکستان کے نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کا دورہ وہیں انتہائی اہم ہے، ایران سمیت علاقائی امور پر یکساں مؤقف رکھتے ہیں۔ چینی وزارت خارجہ نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ ترجمان چینی جہاز آمنے اسرائیل فوجی کارروائیاں ..... بقیہ صفحہ 3 کالم نمبر 29

کویت سے تیل کی آمد بحال، پاکستانی جہازوں کے ذریعے سپلائی

ایران نے پاکستانی آئل کارگو کے لیے محفوظ راستہ فراہم کیا ہے، ذرائع

اسلام آباد(ویب ڈیسک) کویت سے پاکستانی جہازوں کے ذریعے ڈیزل اور جیٹ فیول کی سپلائی بحال کر دی گئی ہے جس سے ایئر لائنز کے لیے جیٹ فیول کی دستیابی یقینی ہو گئی ہے اور ہوائی سفر کرنے والے شہریوں کو اضافی کرایہ ادا نہیں کرنا پڑے گا۔ ذرائع کے مطابق پاکستانی آئل کارگو کے لیے محفوظ راستہ فراہم کیا ہے اور اب تک صرف دو جہاز ہی کارگو لے کر پہنچی ہیں، جبکہ مرحلہ وار تین سو تنکر آنے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق کویت سے روزانہ کی بنیاد ..... بقیہ صفحہ 3 کالم نمبر 38

مشرق وسطیٰ بحران بڑے تنازع میں بدل سکتا ہے، روس نے خبردار کر دیا

امریکا اور اسرائیل ایران اور اس کے ہمسایہ ممالک کے درمیان تعلقات کی بحالی نہیں چاہتے

ماسکو (ویب ڈیسک) روسی وزیر خارجہ سرگئی لاروف نے خبردار کیا ہے کہ مشرق وسطیٰ میں جاری بحران بڑے تنازع میں بدل سکتا ہے۔ اپنے بیان میں سرگئی لاروف نے کہا کہ خطے میں ہونے والی رجیم چینج کی کوششوں کا مقصد تیل اور گیس کے وسائل پر زیادہ سے زیادہ کنٹرول حاصل کرنا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ امریکا اور اسرائیل ایران اور اس کے ہمسایہ ممالک کے درمیان ..... بقیہ صفحہ 36

عدالتی اصلاحات پر جائزہ اجلاس، چیف جسٹس نے بہتر کیس مینجمنٹ کو سراہا

گزشتہ تین ماہ کے دوران 3,600 نئے کیسز دائر ہوئے جبکہ 5,383 کیسز نمٹائے گئے

سپریم کورٹ میں زیر التوا کیسز کی کل تعداد 34,082 ہو گئی، جاری اصلاحی عمل

اسلام آباد(ویب ڈیسک) عدالتی اصلاحات پر پیشرفت بارے جائزہ اجلاس ہوا، چیف جسٹس پاکستان نے مقدمات نمٹانے کی اہلی شرح اور بہتر ایکشن پلان کے تحت بامقصد کارکردگی، عدالتی عمل کو تیز بنانے اور اداروں کو مکمل معاونت ..... بقیہ صفحہ 3 کالم نمبر 28

آئندہ ہرمز سے خود تیل لائیں امریکا مدد نہیں کریگا

ٹرمپ یورپی ممالک پر برس پڑے

ملکوں کو سیکھنا پڑے گا کہ اپنی خاطر لڑائی کیسے لڑی جاتی ہے، امریکہ اب آپ کی مدد کو نہیں آئے گا، بالکل ویسے ہی جیسے آپ ہمارے لیے نہیں آئے تھے

برطانیہ جیسے ممالک جو آئندہ ہرمز کی بندش کی وجہ سے جیٹ فیول حاصل نہیں کر پا رہے، انہیں چاہیے کہ خود میں ہمت پیدا کریں، ڈونلڈ ٹرمپ

واشنگٹن (ویب ڈیسک) امریکی ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کیخلاف جنگ میں مدد نہ کرنے والے یورپی ممالک کو آڑے ہاتھوں لے لیا۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر پوسٹ میں امریکی صدر نے لکھا کہ جنگوں کو کیسے روکنے والے لڑی جاتی ہے، امریکہ اب آپ کی مدد کو نہیں آئے گا، بالکل ویسے ہی جیسے آپ ہمارے لیے نہیں آئے تھے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ برطانیہ جیسے ممالک جو آئندہ ہرمز کی بندش کی وجہ سے جیٹ فیول حاصل نہیں کر پا رہے، انہیں چاہیے کہ خود میں ہمت پیدا کریں۔ آئندہ ہرمز جائیں اور بس تیل لے آئیں اگر نہیں تو امریکہ سے تیل خرید لیں کیونکہ ہمارے پاس بہت زیادہ ہے۔ ٹروتھ سوشل کی ایک اور پوسٹ میں امریکی صدر نے فرانس کے خلاف بھی ..... بقیہ صفحہ 3 کالم نمبر 31 اپنی ناراضی کا اظہار کرتے

غیر قانونی پاکستانی شہریت رکھنے والوں کو فوری نکالنے کی ہدایت

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ ڈیجیٹل اتھارٹی ہیڈ کوارٹرز کا دورہ، وزیر داخلہ نے نادرا کی کارکردگی اور عوامی خدمات کو سراہا

اجلاس کے دوران چیئرمین نادرا لیفٹیننٹ جنرل محمد منیر افسر نے نادرا کے ادارے کی کارکردگی اور جاری و آئندہ منصوبوں پر بریفنگ دی

اسلام آباد(ویب ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ ڈیجیٹل اتھارٹی ہیڈ کوارٹرز کا دورہ کیا اور اعلیٰ سطح اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے غیر قانونی طور پر پاکستانی شہریت حاصل کرنے والوں کے خلاف سخت اقدامات کی ہدایت کر دی۔ اجلاس کے دوران چیئرمین نادرا لیفٹیننٹ جنرل محمد منیر افسر نے نادرا کے کارکردگی اور جاری و آئندہ منصوبوں پر بریفنگ دی۔ وزیر داخلہ نے نادرا کی کارکردگی اور عوامی خدمات کو سراہتے ہوئے ہدایت کی کہ غیر قانونی طور پر پاکستانی شہریت حاصل کرنے والوں کی فوری شناخت یقینی بنائی جائے اور انہیں بلیک لسٹ میں ..... بقیہ صفحہ 3 کالم نمبر 25

وزیراعظم شہباز شریف نے اسلام آباد میں پٹرولیم کی سپلائی چین اور کفایت شعاری کے اقدامات پر نظر جانی اجلاس کی صدارت کی

اسلام آباد: وفاقی وزیر خزانہ نے، پیٹرولیم قیمتوں اور مدتی سیمدی اصلاحات پر اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کی

ٹرمپ ایران کیخلاف فوجی مہم ختم کرنے پر آمادہ ہیں، امریکی اخبار

واشنگٹن (ویب ڈیسک) امریکی اخبار کے مطابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اپنے قریبی مشیروں سے کہا ہے کہ وہ ایران کے خلاف امریکی فوجی مہم ختم کرنے پر آمادہ ہیں، چاہے آبنائے ہرمز بڑی حد تک بند ہی کیوں نہ ..... بقیہ صفحہ 3 کالم نمبر 27

ایرانی سفیر کی جانب سے پاکستان کے سفارتی اقدامات کا خیر مقدم

اسلام آباد(ویب ڈیسک) پاکستانی میں ایرانی سفیر رضا امیری مقدم نے مشرق وسطیٰ میں جاری جنگ کے سلسلے میں پاکستان کی سفارت کاری کا خیر مقدم کیا ہے۔ ایرانی سفیر ..... بقیہ صفحہ 3 کالم نمبر 25

Daily Pakistan Bulletin Karachi
روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی
ABC Certified
چیف ایڈیٹر: سراج احمد | شیئرنگ ایڈیٹر: کاشف مصطفیٰ
پبلشر محمد حنیف نے آفسٹ پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ سے چھپوا کر آفس نمبر 42، فرخ فلور، ریڈیو پاکستان بلڈنگ، عبداللہ ہارون روڈ صدر کراچی سے شائع کیا۔
021-35210448 | 021-35210448
021-36450295
pakistanbulletinkarachi@gmail.com
pakbulletin.786@gmail.com
www.dailyPakistanbulletin.pk

گھریلو تشدد کی روک تھام کے بل کی منظوری

پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں صدر مملکت کی جانب سے واپس بھیجے گئے تین بل کثرت رائے سے منظور کر لیے گئے۔ ان میں گھریلو تشدد (روک تھام و تحفظ) بل 2025 بھی شامل ہے۔ یہ تینوں بل اس سے قبل قومی اسمبلی اور سینیٹ سے منظور ہو چکے تھے، تاہم صدر مملکت نے ان پر اعتراضات عائد کرتے ہوئے واپس بھیج دیا تھا۔ گھریلو تشدد (روک تھام و تحفظ) بل کے مطابق بیوی کو گھورنا، گالی دینا، طلاق یا دوسری شادی کی دھمکی دینا اور جذباتی طور پر ذہنی اذیت پہنچانا قابل سزا جرم قرار دیا گیا ہے۔ اسی طرح بیوی کو اس کی مرضی کے بغیر گھر میں دیگر افراد کے ساتھ رکھنے کو بھی جرم تصور کیا گیا ہے۔ بل کے تحت ایسے جرائم پر چھ ماہ سے تین سال تک قید کی سزا تجویز کی گئی ہے۔ اس قانون کا اطلاق صرف خواتین تک محدود نہیں بلکہ بچوں، بزرگ گھریلو افراد، لے پالک بچوں، ٹرانس جینڈرز اور ایک ساتھ رہنے والے افراد پر بھی ہوگا۔

صدر مملکت کی جانب سے یہ تجویز دی گئی تھی کہ اس بل پر صوبوں سے مشاورت کر لی جائے، تاہم صدر کی تجویز پر عمل کرنے کے بجائے بل کو پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے منظور کروا لیا گیا۔ اگر صوبوں سے مشاورت کے بعد بل منظور کیا جاتا تو اس کی قانونی اور عملی حیثیت مزید مستحکم ہو سکتی تھی۔ بلاشبہ خواتین اور بچوں کا تحفظ ایک ناگزیر ضرورت ہے، تاہم یہ پہلو بھی غور طلب ہے کہ اگر بچوں پر والدین کی رہنمائی اور نگرانی کا موثر نظام موجود نہ ہو تو انہیں بے راہ روی کی راہ اختیار کرنے کی کھلی چھوٹ مل سکتی ہے۔ ہمارا معاشرہ پہلے ہی متعدد اخلاقی اور سماجی چیلنجز کا شکار ہے۔ ایسے میں قانون سازی محض جذبات کے تحت نہیں بلکہ زمینی حقائق، سماجی اقدار اور خاندانی نظام کو مدنظر رکھتے ہوئے کی جانی چاہیے، تاکہ قوانین پائیدار ہوں اور معاشرے میں حقیقی اصلاح کا ذریعہ بن سکیں۔

سانحہ گل پلازہ کا ذمہ دار کون؟

کراچی میں گل پلازہ میں لگنے والی تباہ کن آگ نے ایک بار پھر ہمارے سماجی، انتظامی اور اخلاقی نظام کے کھوکھلے پن کو بے نقاب کر دیا ہے۔ اب تک کی اطلاع کے مطابق 70 سے زائد قیمتی جانیں ضائع ہونے کی تصدیق ہو چکی ہے جبکہ درجنوں افراد تاحال لاپتا ہیں اور لاشوں کی تلاش جاری ہے۔ کروڑوں بلکہ اربوں روپے کا نقصان ہوا اور درجنوں خاندان بے سہارا ہو گئے مگر سوال یہ ہے کہ اس المیے کا ذمہ دار کون ہے؟ کیا یہ محض ایک حادثہ تھا یا پھر یہ ہماری نااہلی، لاپرواہی اور مفاداتی گٹھ جوڑ کا نتیجہ؟ یہ پہلی بار نہیں ہے کہ کسی پلازہ یا عمارت میں آگ لگی ہو اور بے گناہ لوگوں کی جانیں ضائع ہوئی ہوں۔ اس سے قبل لاہور میں ایل ڈی اے پلازہ میں خوفناک آگ لگی تھی جس میں متعدد افراد جاں بحق ہوئے تھے۔ کراچی میں تو ایسے واقعات کی ایک طویل فہرست ہے۔ ہر بار وہی ایک ہی کہانی دہرائی جاتی ہے۔ جب کوئی واقعہ رونما ہوتا ہے میڈیا شور مچاتا ہے، حکومت فوری طور پر نوٹس لیتے ہوئے کمیٹی بنا دیتی ہے، کمیٹی تحقیق کرتی ہے، رپورٹ آتی ہے، ذمہ داروں کا تعین ہوتا ہے اور پھر محض خاموشی۔ کوئی سزا نہیں، کوئی احتساب نہیں، کوئی اصلاحات نہیں۔ بس چند دنوں کا شور شرابا اور پھر سب کچھ بھلا دیا جاتا ہے۔

ڈاکٹر مشتاق عادل

بے کہ عمارت محفوظ، معیاری اور تعمیراتی ضوابط کے مطابق ہو مگر حقیقت میں کیا ہوتا ہے؟ پہلے تو باقاعدہ نقشے تیار ہی نہیں کیے جاتے، اگر تیار کیے بھی جائیں تو ان کی منظوری کے لیے آنے والے افسران کو ماہانہ بھتہ دیا جاتا ہے۔ یہ ایک کھلا راز ہے، جسے ہر متعلقہ شخص جانتا ہے۔ اس کے بعد کوئی بھی ادارہ عمارت کا معائنہ کرنے کی زحمت نہیں کرتا۔ نہ فائر سیفٹی کے انتظامات چیک کیے جاتے ہیں، نہ ایمرجنسی ایگزٹ کی موجودگی کو یقینی بنایا جاتا ہے۔ یہ سب کچھ صرف کاغذوں میں ہوتا ہے، زمین پر اس کا کوئی وجود نہیں ہوتا۔ گل پلازہ کے حادثے میں بھی یہی کچھ سامنے آیا ہے۔ عینی شاہدین کے مطابق عمارت میں فائر الارم سسٹم یا تو موجود نہیں تھا یا پھر اس کی بیٹریاں برسوں سے غائب تھیں۔ جب آگ لگی تو کوئی وارننگ سسٹم کام نہیں کر رہا تھا۔ لوگ اپنی مدد آپ کے تحت باہر نکلنے کی کوشش کرتے رہے مگر زیادہ تر راستے بند تھے۔ بعض جگہوں پر دروازوں کو اس طرح بند کیا گیا تھا کہ انہیں کھولنا بھی ممکن نہیں تھا۔ ایمرجنسی ایگزٹ یا تو تھے ہی نہیں یا پھر ان تک پہنچنے کا راستہ ہی موجود نہیں تھا۔ نتیجہ یہ نکلا کہ لوگ اپنی ہی عمارت میں محصور ہو کر رہ گئے۔ کچھ کی لاشیں سیڑھیوں کے قریب ملیں، کچھ کی باتھ رومز کے دروازوں کے پاس، جیسے وہ آخری لمحے تک باہر نکلنے کی کوشش کرتے رہے ہوں۔ یہ مناظر کسی بھی انسان کو ہلا کر رکھ دینے کے لیے کافی ہیں، مگر افسوس کہ ہمارے نظام پر ان کا کوئی اثر نہیں ہوتا۔ سوال یہ ہے کہ ایسی عمارتوں کو کون اجازت نامے جاری کرتا ہے؟ کون ان کا معائنہ کرتا ہے؟ اور کون ان کی ذمہ داری قبول کرتا ہے؟ جواب سب جانتے ہیں، مگر کوئی بولنے کو تیار نہیں۔ کیونکہ اس حمام میں سب ننگے ہیں۔ ہر ادارہ اپنی جگہ کسی نہ کسی طرح اس کرپشن کے نظام کا حصہ ہے۔ جب تک یہ نظام موجود ہے، تب تک ایسے سانحات ہوتے رہیں گے۔ ہر بار ہم صرف افسوس کریں گے، چند دن کا شور ہوگا، پھر سب بھول جائیں گے اور کسی اگلے المیے کا انتظار کریں گے۔ یہ سلسلہ کب رکے گا، کوئی نہیں جانتا۔ لیکن اتنا ضرور جانتے ہیں کہ جب تک ذمہ داروں کا تعین کر کے انہیں سخت سزا نہیں دی جاتی، تب تک ایسے سانحات کو روکنا ممکن نہیں۔ ہمیں اپنے شہر کو ایک محفوظ جگہ بنانا ہے تو ہمیں ہر ایسے واقعے کو صرف ایک خبر نہیں بلکہ ایک سبق سمجھنا ہوگا۔ ورنہ ہم اسی طرح اپنے پیاروں کو کھوتے رہیں گے اور ہر بار ہمارے پاس صرف آنسو اور افسوس کے سوا کچھ نہیں ہوگا۔

عزت صحت اور محبت

ہم ہر ہفتے دفاتر میں گلے ملتے ہیں، ایک دوسرے کا حال پوچھتے ہیں، ایک دوسرے کی خیریت دریافت کرتے ہیں، مگر کیا ہم واقعی ایک دوسرے کی عزت کرتے ہیں؟ کیا ہم واقعی ایک دوسرے کی صحت کا خیال رکھتے ہیں؟ کیا ہم واقعی ایک دوسرے سے محبت کرتے ہیں؟ یہ تین سوال بظاہر بہت سادہ ہیں، مگر ان کے جواب ہماری پوری زندگی بدل سکتے ہیں۔ عزت صحت اور محبت۔ یہ وہ تین بنیادی ستون ہیں جن پر ہر انسان کی خوشی، سکون اور کامیابی کا دارومدار ہے۔ مگر افسوس کہ ہم ان تینوں کو ہی سب سے زیادہ نظر انداز کرتے ہیں۔ ہم اپنے رویوں، اپنے الفاظ اور اپنے طرزِ عمل سے اکثر ایسی چیزیں کر جاتے ہیں جو دوسروں کی عزت کو ٹھیس پہنچاتی ہیں، ان کی صحت کو نقصان دیتی ہیں اور ان کے دل توڑ دیتی ہیں۔ ہم اکثر یہ بھول جاتے ہیں کہ ہر انسان کے اندر ایک نازک دل ہوتا ہے، ایک حساس روح ہوتی ہے، اور ایک ایسا وجود ہوتا ہے جو ہماری توجہ، ہمدردی اور محبت کا مستحق ہوتا ہے۔ عزت صحت اور محبت، یہ تین الفاظ سننے میں جتنے آسان لگتے ہیں، ان پر عمل کرنا اتنا ہی مشکل ہے۔ کیونکہ ہمارے معاشرے میں ہم نے ان تینوں کو ہی کمزوری سمجھ لیا ہے۔ ہم نے عزت کو خوف سے، صحت کو نظر انداز کرنے سے اور محبت کو خود غرضی سے بدل دیا ہے۔ ہم نے ایسے ماحول کو جنم دیا ہے جہاں ہر شخص اکیلا ہے، ہر شخص ٹوٹا ہوا ہے، اور ہر شخص کسی نہ کسی ذہنی اذیت کا شکار ہے۔ اور یہ سب اس لیے ہے کیونکہ ہم نے ان تین بنیادی اصولوں کو اپنی زندگی سے نکال دیا ہے جو کبھی ہمارے بزرگوں کی زندگی کا حصہ ہوا کرتے تھے۔ آج ہم ایک ایسے دور میں جی رہے ہیں جہاں ہر شخص اپنی ذات میں گم ہے، ہر شخص اپنی انا کا اسیر ہے، اور ہر شخص اپنی خوشی کو دوسروں کی تکلیف پر ترجیح دیتا ہے۔ ہم بھول چکے ہیں کہ ایک مسکراہٹ کسی کا دن بدل سکتی ہے، ایک میٹھا بول کسی کا دل جیت سکتا ہے، اور ایک سچی محبت کسی کی پوری زندگی سنوار سکتی ہے۔ ہم بھول چکے ہیں کہ ہم سب ایک ہی مٹی سے بنے ہیں، ایک ہی خالق کی مخلوق ہیں، اور ایک ہی منزل کی طرف رواں دواں ہیں۔ پھر بھی ہم ایک دوسرے کو نیچا دکھانے میں، ایک دوسرے کو زخم دینے میں، اور ایک دوسرے کو توڑنے میں اپنی توانائی ضائع کر رہے ہیں۔ ہم بھول چکے ہیں کہ عزت دینے سے عزت ملتی ہے، محبت دینے سے محبت ملتی ہے، اور صحت کا خیال رکھنے سے ہی ہم ایک لمبی اور خوشحال زندگی گزار سکتے ہیں۔ ہم بھول چکے ہیں کہ ہر انسان کی ایک کہانی ہوتی ہے، ایک جدوجہد ہوتی ہے، اور ایک ایسا درد ہوتا ہے جو ہم نہیں جانتے۔ اور اسی لیے ہمیں ہر انسان کے ساتھ نرمی، شفقت اور ہمدردی سے پیش آنا چاہیے۔ ہمیں اپنے رویوں کو بدلنا ہوگا، اپنے الفاظ کو تولنا ہوگا، اور اپنے دلوں کو وسیع کرنا ہوگا۔ ہمیں یہ سمجھنا ہوگا کہ ہر انسان کو عزت، صحت اور محبت کی ضرورت ہے، اور ہر انسان کا حق ہے کہ اسے یہ تینوں چیزیں ملیں۔ اگر ہم یہ تین اصول اپنی زندگی میں اپنا لیں، تو ہمارے گھر، ہمارے محلے، ہمارے شہر اور ہمارا ملک ایک بہت ہی خوبصورت جگہ بن سکتا ہے۔ ایک ایسی جگہ جہاں ہر شخص محفوظ ہو، ہر شخص خوش ہو، اور ہر شخص محبت سے بھرا ہوا ہو۔ یہ خواب ناممکن نہیں ہے، بس ہمیں اسے حقیقت بنانے کی کوشش کرنی ہوگی۔ ہمیں آج سے ہی اپنے رویوں پر کام کرنا ہوگا، اپنے الفاظ کو بہتر بنانا ہوگا، اور اپنے دلوں کو نرم کرنا ہوگا۔ کیونکہ یاد رکھیں، ہم سب ایک ہی کشتی میں سوار ہیں، اور اگر ایک شخص بھی ڈوبتا ہے تو ہم سب کا سفر متاثر ہوتا ہے۔ آئیے ہم سب مل کر ایک ایسا معاشرہ بنانے کا عہد کریں جہاں عزت، صحت اور محبت ہر انسان کا حق ہو، اور جہاں ہر شخص خود کو محفوظ، معزز اور محبوب محسوس کرے۔ یہی ہماری اصل کامیابی ہوگی، اور یہی ہماری سب سے بڑی خوشی ہوگی۔

ثوبیہ نورین

امتحان در امتحان

دنیا ایک امتحان گاہ ہے اور زندگی امتحان در امتحان۔ ہوش میں آتے ہی آنکھ کھلتے ہی ہمیں ایک امتحان سے گزرنا پڑتا ہے۔ کبھی بھوک کی صورت میں، کبھی پیاس کی شکل میں، کبھی بیماری کی صورت میں، کبھی تکلیف کی شکل میں۔ کبھی ہم امتحان سے گزرتے ہیں، کبھی امتحان ہم سے گزرتا ہے۔ کبھی ہم امتحان کو دیکھتے ہیں، کبھی امتحان ہمیں نہیں دیکھتا۔ کبھی ہم امتحان کو محسوس کرتے ہیں، کبھی امتحان ہمیں محسوس نہیں کرتا۔ کبھی ہم امتحان کو جانتے ہیں، کبھی امتحان ہمیں نہیں جانتا۔ کبھی ہم امتحان کو پہچانتے ہیں، کبھی امتحان ہمیں نہیں پہچانتا۔ کبھی ہم امتحان کو سمجھتے ہیں، کبھی امتحان ہمیں نہیں سمجھتا۔ کبھی ہم امتحان کو سمجھ کر گزرتے ہیں، کبھی امتحان ہمیں سمجھ کر گزرتا ہے

01

بقیہ نمبر

کی زیرصدارت ہونے والے اجلاس میں بھی اُنہی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے فیصلے کیے گئے۔ سندھ کابینہ کے اجلاس کے بعد وزیر داخلہ، قانون و پارلیمانی امور ضیاء الحسن لنجار کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے سینئر وزیر پٹرولیم انعام محسن نے کہا کہ جنگ کے حالات کے پیش نظر وہ صادق میمن جتنے ہی بڑے پیمانے پر دھماکوی مواد کی منظوری دی گئی ہے اور اس کے لیے رقم بھی فنڈ کی گئی ہے، جس سے سنگین سائنس کے حل میں آسانی ہوگی۔ وزارت داخلہ کی جانب سے کہے میں آپ سے جانچ بھی کیے گئے ہیں، جبکہ سندھ حکومت کے محکمے انسداد دہشتگردی نے ڈاکٹر عبدالرشید کے 5 کروڑ روپے منظور کیے گئے ہیں، جبکہ سرکاری اداروں میں سانحہ برسوں کے طلبہ کی فیسوں کی واپسی کا بھی 3.4 ارب روپے کی اصولی منظوری دی گئی ہے۔ سندھ کابینہ نے ایس ڈی جی حے کے تحت 98 اسکیموں کی منظوری دیتے ہوئے 43.34 ارب روپے مختص کیے ہیں، جبکہ عورت فاؤنڈیشن کے 5 کروڑ روپے کی گرانٹ بھی منظور کی گئی ہے۔ خیر پور میں درزہ شریف کے مقام پر حضرت علی ہجویری کے نام سے لائبریری کے قیام کی منظوری دی گئی ہے، جس کی لاگت 5 کروڑ 15 لاکھ روپے مقرر کی گئی ہے، جبکہ عورت شاہ میں حضرت شاہ لطیف بھٹائی کے مزار پر ترقیاتی کاموں کی بھی منظوری دی گئی ہے۔ سندھ کابینہ نے ایک نیلی نیشن مارک ٹین تحکم قرعہ نے کا فیصلہ کیا ہے، جو ہاری کارڈ کے ذریعے کی جائے گی، اور اس سلسلے میں کابینہ کی کمیٹی کو بھی موجود ہے۔ شرجیل انعام میمن نے مزید کہا کہ صدر آصف علی زرداری نے پی ایس پی پروگرام کے آغاز کے لیے ذاتی اکاؤنٹ کھروا دیا ہے، جس میں کاشتکاروں کا ذیا بھی حصہ ہوگا، اس سلسلے میں کاشتکاروں کا مکمل ڈیٹا بھی موجود ہے۔ شرجیل انعام میمن نے مزید کہا کہ صدر آصف علی زرداری نے پی ایس پروگرام کے آغاز کے لیے ذاتی اکاؤنٹ کھروا دیا ہے، جس میں کاشتکاروں کا ذیا بھی حصہ ہوگا، اس سلسلے میں کاشتکاروں کا مکمل ڈیٹا بھی موجود ہے۔ شرجیل انعام میمن نے مزید کہا کہ کاشتکاروں کے لیے ایک موبائل ایپ بھی تیار کی جائے گی، جبکہ سندھ حکومت کے محکمے انسداد دہشتگردی کی فیسوں کی واپسی کا بھی 3.4 ارب روپے کی اصولی منظوری دی گئی ہے۔ سندھ کابینہ نے ایس ڈی جی حے کے تحت 98 اسکیموں کی منظوری دیتے ہوئے 43.34 ارب روپے مختص کیے ہیں، جبکہ عورت فاؤنڈیشن کے 5 کروڑ روپے کی گرانٹ بھی منظور کی گئی ہے۔ خیر پور میں درزہ شریف کے مقام پر حضرت علی ہجویری کے نام سے لائبریری کے قیام کی منظوری دی گئی ہے، جس کی لاگت 5 کروڑ 15 لاکھ روپے مقرر کی گئی ہے، جبکہ عورت شاہ میں حضرت شاہ لطیف بھٹائی کے مزار پر ترقیاتی کاموں کی بھی منظوری دی گئی ہے۔ سندھ کابینہ نے ایک نیلی نیشن مارک ٹین تحکم قرعہ نے کا فیصلہ کیا ہے، جو ہاری کارڈ کے ذریعے کی جائے گی، اور

اسرائیل نصف صدی سے دہشتگردی میں ملوث ہے، گورنر سندھ

وکلا عدالتوں سے غیر ضروری ریلیف طلب نہ کیا کریں، کچھ قوتیں ملک میں امن وامان کی خراب صورتحال پیدا کرنا چاہتی ہیں، نہال ہاشمی

پاکستان کے وکلاء محمد علی جناح کے وارث ہیں اور اگر قائداعظم نہ ہوتے تو آج ہم برٹش انڈیا میں زندگی گزار رہے ہوتے، گورنر سندھ

کراچی (ویب ڈیسک) گورنر سندھ نہال ہاشمی نے کہا کہ وکلا عدالتوں سے غیر ضروری ریلیف طلب نہ کیا کریں۔ گورنر سندھ نہال ہاشمی نے وکلاء سے خطاب میں کہا ہے کہ بانی پاکستان محمد علی جناح پر عصفر کے مسلمانوں کے وکیل تھے 1973 کا آئین بنانے والے ذوالفقار علی بھٹو بھی وکالت کے پیشے سے وابستہ تھے بدقسمتی سے آج کے وکلاء اپنے ساتھی وکلاء برادری کی نمائندگی کریں گے۔ گورنر سندھ نے زور دیا کہ نظم وضبط کو برقرار رکھا جائے گا کیونکہ آج وکلاء برادری کو پیشہ ورانہ چیلنجز کا سامنا ہے، حکومت کی کوشش ہے کہ عوام کو جلد انصاف فراہم کیا جائے جبکہ کفایت شعاری کے لیے ضلع الاک ذان جیسے اقدامات کیے جارہے ہیں۔ انہوں نے خطے کی صورتحال پر بات کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے علاوہ دیگر ممالک میں پٹرول کی قیمتیں دوبارہ بڑھ رہی ہیں، وکلاء کے درمیان احترام کا رشتہ ہوتا ہے اور وہ وفاقی وسندھ حکومت کے ساتھ